# مطبوعات

**قانونِ الٰہی یا انسانی** | مؤلف: عبدالقادر عودہ شہید مصری۔ ترجمہ: محمد حنیف ایم۔اے۔

ناشر: مکتبۂ چراغ اسلام ۵/۱ قذافی مارکیٹ اُردو بازار لاہور۔ قیمت: ۹/- روپے

رنگین گردپوش کے ساتھ یہ کتاب اُس شخص کے ایمان و فکر کی آئینہ دار ہے جو مصر میں جج تھا، جس نے قانون پر کتابیں لکھیں، جس نے ملازمت چھوڑ کر مصر کی تحریک اسلامی "اخوان المسلمون" میں شرکت اختیار کی، اُس کا نائب "مرشدِ عام" بنا اور ایک ہاتھ میں قلم اور دوسرے ہاتھ میں عدل کی ترازو اُٹھانے والے اس رجلِ عظیم نے ۸ دسمبر ۱۹۵۴ء کی صبح کو آخری سانس تختۂ دار پہ لی۔

کتاب کو لکھنے کا محرک یہ جذبہ ہے کہ "میرا نظریہ یہ ہے کہ ایک مسلمان اپنے دوسرے مسلمان بھائی کی سب سے بڑی جو خدمت کر سکتا ہے وہ یہ ہے کہ وہ اپنے اس بھائی کو اسلامی شریعت سے روشناس کرائے۔" (ص ۱۶)۔ پھر مؤلف شہید کا یہ جملہ سامنے آتا ہے کہ "اسلامی شریعت کو انسان کے بنائے ہوئے قوانین کے مقابلے میں یہ امتیاز حاصل ہے کہ اُس نے دین اور دُنیا کو یکجا کر دیا" (ص ۲۴) پھر لکھا ہے کہ "شریعت کے احکام کو ایک دوسرے سے جدا نہیں کیا جا سکتا۔" (ص ۲۵) آگے چل کر لکھا ہے کہ "کسی انسان کا وضع کردہ کوئی قانون اگر شریعت سے متصادم ہو تو اُسے ٹھکرا کر شریعت پہ عمل پیرا ہونا فرض ہے۔" (ص ۴۴)۔ یہ وضاحت بھی کر دی کہ "اسلامی ریاست کو وجود میں لانا اشد ضروری ہے کیونکہ اگر ایسا نہیں کیا جائے گا تو قرآن کے تمام احکامات اپنے لئے معطل بن کر رہ جائیں گے۔" (ص ۶۲)

مختصر یہ کہ ۹۶ صفحات کی اس کتاب میں انسانی وضعی قوانین کو مسترد کر کے اسلامی قوانین کو نافذ کرنے کی دعوت مدلّل طریق سے دی گئی ہے۔

---

**کیا ہم مسلمان ہیں؟** مصنّف: استاد محمد قطب۔ مترجم: ساجد الرحمٰن صدیقی۔
ناشر: مکتبہ تعمیر انسانیت۔ اردو بازار۔ لاہور۔

جیسے کہ ناشر نے خود ہی تلخیص بیان کر دی ہے، اس کتاب کے ایک حصّہ میں اسلام کا حقیقی مفہوم بیان کیا گیا ہے، دوسرے حصّے میں قرونِ اولیٰ کے مسلم معاشرے کی تصویر دکھائی گئی ہے، پھر ایک حصّے میں یہ بتایا گیا ہے کہ صحیح راستے سے انحراف کیسے ہوا۔ انحراف کے داخلی عوامل کو بیان کرنے کے ساتھ ساتھ دورِ جدید کے افکار و نظریات، صلیبی جنگوں، مشنری اداروں کے اثرات کا تذکرہ کیا گیا ہے۔ نیز دکھایا گیا ہے کہ عالم اسلام اور اسلامی تحریکوں کے خلاف کس طرح کی سازشیں کی گئیں۔ آخر میں اسلام کی نشاۃ ثانیہ کے امکانات کو اُمید افزا انداز میں سامنے لایا گیا ہے۔ ہماری رائے میں عالم اسلام کی ایک فاضل شخصیت کی لکھی ہوئی یہ کتاب ہمارے اندر صحیح مسلمان بننے اور اسلام کی خدمت کرنے کا جذبہ پیدا کرنے والی ہے۔

---

**کتاب الدعا** از جناب اشرف علی قریشی، جامعہ اسلامیہ پشاور۔ ملنے کا پتہ: مؤتمر المولفین جامعہ اشرفیہ علامہ عبدالمحمود قریشی روڈ پشاور۔ قیمت: دس روپے

دُعا کے موضوع پر پچھلے چند برس میں کئی کتابیں شائع ہوئی ہیں۔ یہ کتاب بہت اچھی ہے۔ اس میں نہ صرف ہر موقع و ضرورت کے لیے مسنون دعائیں مع ترجمہ درج ہیں بلکہ مقدمہ نہایت اہم ہے جس میں دُعا اور شرائط قبولیت کو واضح کیا گیا ہے۔ ابتداءً شروع میں یہ بھی بتا دیا گیا ہے کہ شرک اور ظلم کی نجاست سے پاک ہو کر خدا کے سامنے عاجزی سے ہاتھ پھیلانے چاہئیں۔

---

**معجزانہ ولادت عیسیٰؑ ابن مریم** از چوہدری محمد سرفراز خاں موضع کالرہ کلاں ضلع گجرات۔
مؤلف سے بلاقیمت مل سکتی ہے۔

عجیب بات ہے کہ دارالحدیث گجرات کے حافظ عنایت اللہ اثری انکارِ معجزات کی راہ پر چل نکلے ہیں۔ انہوں نے ایک رسالہ "عیونِ زمزم فی میلاد عیسیٰؑ ابن مریم" لکھا اور حضرت عیسیٰ کی بغیر باپ کے پیدائش کے خلاف بحث کی۔ اس بحث کا بہت پر زور جواب پیشِ نظر رسالے

میں دیا گیا ہے۔

---

**حُرمتِ متعہ** از شیخ الحدیث مولانا محمد علی جانباز، صدر مدرس، جامعہ ابراہیمیہ، ناصر روڈ سیالکوٹ۔ ناشر: جامعہ ابراہیمیہ کا شعبۂ نشر و اشاعت۔ قیمت: ۱۲/- روپے

متعہ کے متعلق ایک سوال کا جواب جناب مؤلف کی طرف سے الاعتصام میں شائع ہوا۔ پھر اس پر اہلِ تشیع کے حلقے سے مزید بحث جوازِ متعہ پر اُٹھائی گئی۔ اس کا مدلّل و مفصّل جواب اس کتاب میں دیا گیا ہے۔ بحث کا انداز عالمانہ ہے۔

---

**THE QURAN.......** مؤلف: مولانا سیّد ابوالاعلیٰ مودودی رحمہ اللہ۔ انگریزی ترجمہ از ابو اسد۔ ناشر: اسلامک ریسرچ اکیڈمی کراچی۔ ملنے کا پتہ: البدر پبلیکیشنز ۲۳۔ راحت مارکیٹ۔ اُردو بازار۔ لاہور۔ قیمت: ۹/- روپے

کتاب کا پورا نام (THE QURAN DIVINE REVELATION OR FORGERY ?) یعنی قرآن خدائی وحی ہے یا انسانی تصنیف؟ مقصد دراصل مشرکینِ مکہ کے اس باطل خیال کی تردید ہے کہ قرآن (نعوذ باللہ) منزل من اللہ نہیں بلکہ داعئ قرآن (صلی اللہ علیہ وسلم) کا من گھڑت ہے۔ اس کے جواب میں مولانا مودودیؒ نے خود قرآن کی طرف سے دیئے گئے دلائل کو اپنے حسنِ بیان کے ساتھ پیش کیا ہے۔ یہ بحث دراصل "سیرتِ سرورِ عالم" حصّہ دوم کے باب ۶ کی فصل ۳ سے اخذ کردہ ہے۔

---

**ماہنامہ "اخبارِ اُردو"** مدیر مسئول میجر آفتاب حسن۔ مدیر اعزازی ڈاکٹر معین الدین عقیل۔ ناشر: مقتدرہ قومی زبان۔ ۴۳ ڈی، بلاک ۷، گلشنِ اقبال، کراچی ۴۷۔ قیمت بہت ارزاں ہے یعنی ایک روپیہ فی شمارہ اور دس روپے سالانہ۔

مقتدرہ قومی زبان کا مقصد انگریزی کے بجائے اُردو زبان کو عدالتی، دفتری، پارلیمانی، کاروباری اور تعلیمی ہر دائرے میں قومی زبان کی حیثیت عملاً دلوانا ہے۔ یہی مقصد اخبارِ اُردو کا بھی ہے۔ مسرت کا مقام ہے کہ اخبارِ اُردو کو اعلیٰ درجے کے مفکرین کی تائید اور اچھا لکھنے والوں کا تعاون حاصل ہے

**سہ ماہی "تحقیقاتِ اسلامی"** مدیر سید جلال الدین عمری - نگران مولانا صدر الدین اصلاحی -
ناشر: ادارۂ تحقیق و تصنیف اسلامی، پان والی کوٹھی علی گڑھ (بھارت) - فی شمارہ ۵/- روپے
سالانہ (پاکستان کے لیے) ۵۰/- روپے (ترسیل بذریعہ ہوائی ڈاک)

بے حد مسرت کا مقام ہے کہ یہ رسالہ ایک طرف اسلام کا خادم ہے اور دوسری طرف اُردو کا۔
جلد اوّل کا شمارہ اوّل ہمارے سامنے ہے - اس میں حسبِ ذیل مضامین ہیں :-
قرآن و حدیث کے عنوان سے "قصۂ آدم وحوا" - بعد ازاں "تاریخ اسلام میں شانِ نزول کی اہمیت"، "وہ نبی جس کا انتظار تھا"، "مسلمان باپ کی ذمہ داریاں"، "تصورِ مساوات کا پس منظر" "کمزور کے مسائل اسلام نے حل کئے ہیں" اور تلخیص کے باب میں "تعدّدِ ازواج پر پابندیوں کا مسئلہ"، آخر میں تبصرے - تمام مقالات اصحابِ علم و تحقیق کے پیش کردہ ہیں - اس رسالے کو دیکھ کر اُمید بندھتی ہے کہ انشاء اللہ اسلامی علوم میں تحقیق ...... اور غیر اسلامی افکار پر اسلامی نقطۂ نظر سے عالمانہ تنقید کے کام کا سرچشمہ علی گڑھ سے جاری ہوگا -

---

**پندرہ روزہ اسلامک موومنٹ** مدیر دانش فلاحی - مقام اشاعت ۱۵۱/ج ذاکر نگر نئی دہلی
قیمت فی پرچہ ۲۵/۱ روپے - سالانہ ۲۵/- روپے (بھارت میں)

نوجوانوں کا یہ رسالہ "اسلامک موومنٹ" کا ترجمان ہے - مندرجات کا رجحان اسلامی تعمیری ہے - ہمارا خیال ہے کہ بھارت میں مسلمانوں کو چھوٹے چھوٹے متفرق رسائل کے بجائے دو تین اچھے مضبوط میگزین چلانے چاہئیں -

---

**کالج میگزین، پندرھویں صدی نمبر** مدیر نسیم اختر - ناشر: گورنمنٹ اسلامیہ آرٹس کامرس کالج، پوسٹ گریجوایٹ سنٹر - سکھر -

نوجوانوں کے علمی و ادبی کاموں سے مجھے خاص دلچسپی ہے، کیونکہ یہی کل ہمارے عالمِ افکار کے چاند ستارے ہوں گے - کالج میگزین کا یہ خصوصی نمبر بہت دیدہ زیب بھی ہے اور اس میں موادِ مطالعہ بھی خاصا دلکش ہے - اُردو، سندھی اور انگریزی تینوں زبانوں میں مضامین جمع کیے گئے ہیں -

مسلمانوں کی ترقیات اور اکتشافات و انکشافات کے بہت سے پہلو اس میگزین میں بیان ہو گئے ہیں، نیز اسلام کی بعض عبادات اور ادارات پر بھی لکھا گیا ہے۔ میگزین کو مرتب کرنے والے نوجوانوں اور اُن کے سربراہ اساتذہ کو ہم تبریک پیش کرتے ہیں۔

---

**تذریس** | مجلہ اسکول آف آرمی ایجوکیشن (۱۹۸۲ء) ایڈیٹر باھری۔ مدیر کیپٹن ریاض انجم

مندرجات میں "قرآن ایک تعلیمی رہنما (کیپٹن ریاض انجم)" "خطاطی تاریخ کے آئینے میں" (اسلم کمال) "اُردو حروف کا تشکیلی سفر" (صوبیدار غلام محمد شیدا) "درخت کتھے لانوال" (میجر انور خاں انور) اچھے مضامین ہیں۔ انگریزی میں میجر فاروق حسن، شبیر حسین جعفری، کیپٹن انجم مسعود، صوبیدار بشیر احمد، ڈی ڈی آئرن کی تحریریں اچھی ہیں۔ دیگر مضامین کی افادیت سے کیا انکار[1]!

اسلم کمال کے ڈیزائن کہ وہ ٹائیٹل کی شان میں گستاخی تو نہیں کی جاسکتی، مگر رنگوں کی ترتیب ایسی ہے کہ جو الفاظ لکھے گئے وہ کوشش سے ...... دریافت ہوتے ہیں۔ پہلے شوخ رنگوں کی دو بے ڈھنگی اشکال ذہن پر مسلط ہو جاتی ہیں۔

---

**زنداں میں اذاں** | مجموعہ کلام سید جمال احمد امین آبادی۔ ناشر: مکتبۃ الحسنات رام پور (بھارت)

قیمت: ۴/- روپے

سید جمال احمد کی شاعری ابھی ابتدائی اُبھار اور فشار کے دور میں ہے۔ طبیعت بہت موزوں ہے۔ گلِ خیال کا روٹے تاباں غازۂ جمال کے ساتھ پیش کرتے ہیں۔ وہ پراگندہ فکر، آوارہ خیال اور کوچہ گرد قسم کے شاعر نہیں ہیں۔ ان کے ہاں آورش ہے، غایت ہے، اور وہ غایت زندگی کی لازوال صداقتوں کی شعاعوں سے انسانیت کی اعلیٰ قدروں کو نشوونما دینا ہے۔ سید جمال کا ایک مجموعہ ۶۵ء میں چھپ چکا ہے۔ یہ مجموعہ ان شعری کاوشوں پر مشتمل ہے جنہیں انہوں نے جیل میں رہ کر جامۂ اظہار پہنایا

---

[1] "وہ شخص اب یہاں نہیں ملے گا" میرا مصرع ہے۔ میں اس کی تعریف نہیں کرتا۔ لیکن یہ ایک شخصیت کے ساتھ متعلق ہو کر مشہور ہوا ہے۔ اس مصرع کو اُٹھا کر کسی دوسری جگہ استعمال کرنا مغالطہ انگیز ہو سکتا ہے۔

دو تین شعر ملاحظہ ہوں:

الفتِ دوست کی فطرت بھی ہے کس درجہ غیور
غیر کا اس پہ تصوّر بھی گراں ہوتا ہے

عہدِ وا ، تمہاری جستجو معلوم ہے ہم کو
بہت اونچے گئے تو منزلِ انکار تک پہنچے

ہے وہ بھی آدمی جیسے اے دَورِ بے حسی!
احساسِ درد و سوزِ غم آدمی نہیں

ہر سانس کہہ رہی ہے ہیں دستک اجل کی ہوں
نشتر رکھے ہوئے ہیں رگِ جاں کے آس پاس

**سلمان الخیر** | از ابن الشکور - ناشر: عارف پبلیکیشنز - ۹۵ ارنا جلم روڈ - بنگلور ا ۵ (بھارت)

قیمت: ۶/- روپے

یہ حضرت سلمانؓ فارسی کی سیرت وسوانح ہے۔ حضرت سلمان فارسی بڑا لمبا ذہنی اور جسمانی سفر کر کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ تک پہنچے اور یہی اُن کی منزلِ شوق تھی۔ اسلام میں آنے کے بعد اپنا دَور بڑی والہیت اور فداکاری سے گزارا۔ نوجوان مؤلف نے حضرت سلمان کے حالات کو ایک مختصر کتاب میں جمع کر دیا ہے۔ ان کی یہ خدمت خاصی مفید ہوگی۔ اس سے پہلے وہ زید بن حارثہ اور بعض دوسرے بزرگوں پر بھی لکھ چکے ہیں۔ کتاب کی ترتیب کو بہتر بنانے کی ضرورت ہے۔ بصورت موجودہ انداز رسالوں کا سا ہے۔

---

"مکالماتِ نبوی" کے ملنے کا پتہ (جو پچھلی مرتبہ کتاب کے تعارف کے ساتھ درج نہیں ہو سکا)
مکتبۂ نذیریہ - چناب بلاک - علامہ اقبال ٹاؤن - لاہور


| | | |
|---|---|---|
| فقہ الزکاۃ مجلد یوسف القرضاوی حصہ اوّل و دوم | | ۵۰/- روپے |
| " سوم و چہارم | | ۶۰/- " |
| سفرِ شوق | فرید احمد پراچہ | ۱۵/- " |
| انسانی زندگی میں جمود و ارتقاء | محمد قطب | ۲۵/- " |

۱۹۸۳ء کا کیلنڈر مفت طلب فرمائیں

البدر پبلیکیشنز - ۲۳ راحت مارکیٹ - اردو بازار - لاہور ۲